# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

# Maulana Azad National Urdu University

## M.A.Urdu Semester II April/May-2026

Paper Title: **Urdu Novel** Paper Code: **MAUR203CCT**

## پرچہ:اردو ناول

**3 Hrs** : **وقت** : Time **3 گھنٹے** — Maximum. Marks **70** : **جملہ نشانات**

**ہدایات:**

یہ پرچہ سوالات (3) حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارتاً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں (5) لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے (1) نمبر مختص ہے۔
**(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں (8) سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی (5) سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً سو (100) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے (4) نمبرات مختص ہیں۔ **(6 x 5 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں (2) سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی (3) سوالوں کے جواب دینا ہے۔ ہر سوال کا جواب تقریباً ڈھائی سو (250) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے (10) نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 =30 Marks)**

---

حصہ اول

**سوال : 1**

i. مندرجہ ذیل میں سے کس ناول میں حسن آرا کا کردار ملتا ہے؟

(a) فسانۂ آزاد (b) فردوس بریں (c) شاہد رعنا (d) توبتہ النصوح

ii. ''فردوس بریں'' کا سنہ اشاعت کیا ہے؟

(a) 1869 (b) 1874 (c) 1899 (d) 1888

iii. ''فسانۂ آزاد'' کس کی تصنیف ہے؟

(الف) رتن ناتھ سرشار (ب) قاری سرفراز حسین عزمی (ج) عبدالحلیم شرر (د) محمد حسین آزاد

iv. گوتم نیلمبر کا کردار کس ناول میں ملتا ہے؟

(a) لہو کے پھول (b) آگ کا دریا (c) کئی چاند تھے سرِ آسماں (d) داراشکوہ

v. ''گئودان'' میں نوجوان طبقے کی نمائندگی کس نے کی ہے؟

(a) ہوری (b) گوبر (c) پنڈت داتا دین (d) اونکار ناتھ

vi. کس ناول میں متوسط طبقے کے مسلم گھرانوں کی خواتین کے نفسیاتی مسائل کو موضوع بنایا گیا ہے؟

(a) نرملا (b) چاندنی بیگم (c) ٹیڑھی لکیر (d) ایوان غزل

vii. مندرجہ ذیل میں سے کس ناول میں شعور کی رو کی تکنیک استعمال نہیں کی گئی؟

(a) آگ کا دریا　(b) لندن کی ایک رات　(c) گریز　(d) امراؤجان ادا

viii. مندرجہ ذیل میں سے کون سا ناول تقسیمِ ہند کے موضوع پر لکھا گیا ہے؟

(a) خدا کی بستی　(b) آنگن　(c) شکست　(d) سودائی

ix کس نقاد نے ناول کی تعریف کرتے ہوئے لکھا ہے کہ یہ ایک خاص طوالت کا نثری قصہ ہے؟

(a) رالف فاکس　(b) اسکاٹ جیمس　(c) ای ایم فارسٹر　(d) ہنری جیمس

x. مندرجہ ذیل میں سے کس ناول میں انیسویں صدی کے شمالی ہندوستان کی تہذیب و تاریخ کو موضوع بنایا گیا ہے؟

(a) پانی　(b) مکان　(c) فائر ایریا　(d) کئی چاند تھے سرِ آسماں

## حصہ دوم

2. اردو میں ناول نگاری کی ابتدا کے محرکات بیان کیجیے۔

3. انیسویں صدی میں اردو ناول کی روایت کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

4. ناول ''توبتہ النصوح'' کی روشنی میں تربیت اولاد کی اہمیت پر ایک نوٹ لکھیے۔

5. ناول میں پلاٹ کی اہمیت پر روشنی ڈالیے۔

6. ناول کے لیے کردار کیوں ضروری ہیں؟ کردار نگاری کے ضمن میں ناول نگار کو کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیے؟

7. تاریخی ناول نگاری کے فن سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

8. ''ناول 'امراؤ جان ادا' انیسویں صدی کے اودھ کی تہذیبی دستاویز ہے۔'' اس خیال کی روشنی میں اس ناول کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

9. ناول میں تکنیک کی کیا اہمیت ہے؟ مختلف تکنیکوں کے بارے میں مثالوں کے ساتھ لکھیے۔

## حصہ سوم

10. ناول کی تعریف کیجیے اور اس کے اجزائے ترکیبی بیان کیجیے۔

11. ''ٹیڑھی لکیر'' کی روشنی میں عصمت چغتائی کی ناول نگاری کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

12. مندرجہ ذیل میں سے تین کرداروں پر نوٹ لکھیے۔

(الف) کلیم　(ب) زمرد　(ج) شیخ علی وجودی

(د) امراو جان　(ہ) دھنیا　(و) شمن　(ز) کمال

13. قرۃ العین حیدر کی ناول نگاری کا جائزہ لیجیے۔

14. اکیسویں صدی کے اہم ناولوں کا فنی و موضوعاتی جائزہ لیجیے۔

☆☆☆